## 10446 ـ كلمہ الاسلام كامعنى

**سوال**

كلمہ ،، الاسلام ،، كامعنى كياہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

اگرآپ لغت كى كتابوں كامراجعہ كريں توآپ كلمہ الاسلام كہ معنى يہ پائيں گےكہ :

الانقياد ، تابعدارى اورالخضوع ،، عاجزى وانكسارى اورالاذعان ،، جق كااقرار اورفرمانبردارى كرنا ،، اورالاستسلام ،، سپردكردينااطاعت كرنا ،، اوراللہ تعالى كےاحكامات كوماننااوراس كےنواہى سےركنااوران پركسى بھى قسم كااعتراض نہ كرنااورخالص اللہ تعالى ہى كےلئےعبادت كرناجوكچھ اللہ تعالى نےبتاياہےاس كى تصديق اوراس پرايمان لانا ۔ يہ اسلام كامعنى ہے ۔

اوراسلام اس دين كاعلم اورنام بن چكاہےجسےمحمد صلى اللہ عليہ وسلم لےكرآئےہيں ۔

دين اسلام كواسلام كيوں كہاجاتاہے ؟

رؤے زمين پرجتنے بھى مختلف دين ہيں ان كےنام ياتوكسى خاص شخصيت كى نسبت سےہيں ياپھركسى معين امت كى نسبت سے ۔تونصرانيہ ( نصارى) سےلياگيااوراسى طرح بوذيہ (بوذا) سےاور زردشتيہ اس لئےمعروف اورمشہورہواكہ اس كامؤسس (زرادشت) تھااوراسى طرح يہوديہ (يہودا) قبيلہ كےدرميان ظاہرہواتواسےيہوديہ كےنام سےموسوم كردياگيا ، اوراسى طرح باقى كےمتعلق بھى ۔

اسلام نہ توكسى شخصيت كى طرف منسوب ہےاورنہ ہى كسى معين امت اورقوم كى طرف بلكہ اس كانام ايك خاص صفت كاحامل ہےجوكہ كلمہ اسلام اپنےاندرسموئے اورضمن ميں لئےہوئے ہے ۔

اوراس اسم كےمعنى سےيہ ظاہر ہےكہ اس دين كى ايجادوتاسيس ميں توكسى بشر كا دخل ہےاورنہ ہى دوسرى امتوں كوچھوڑكركسى خاص امت اورقوم كےساتھ خاص ہے ۔

بلكہ اس دين كى غرض وغايت يہ ہےسارے كےسارے اہل زمين اسلام ميں آجائيں اوراس اسلامى صفات كازيور زيب

تن کریں ، توجو بھی یہ صفات اختیارکرےگاچاہےوہ شہری ہویادیہاتی وہ مسلمان ہوگااوراسی طرح مستقبل میں بھی جوانہیں اختیارکرےگا وہ بھی مسلمان کہلائےگا ۔.